# قانونی کتابچہ:

# منتقلی کے مسائل مہاج
# نوجوانوں کے لیے



قانونی کتابچہ:

# منتقلی کے مسائل مہاج نوجوانوں کے لیے

CASSA

The Law Foundation of Ontario
*Advancing access to justice*

ہم  لا فاونڈیشن آف انٹیریو کے اس کتابچہ کے لیے مالیاتی امداد کو سراہتے ہیں -

Published by:
Council of Agencies Serving South Asians
5200 Finch Ave E. Unit No.301A
Scarborough, Ontario M1S 4Z5
Tel: (416) 932 1359; Web: www.cassa.on.ca

First published: July 2018

© Copyright 2018 by the Council of Agencies Serving South Asians. All rights reserved. No part of this publication may be reproduced, transmitted, transcribed, stored in a retrieval system, or translated into any language in any form by any means without the written permission of the Council of Agencies Serving South Asians. It is distributed with the understanding that it shall not, by way of trade or otherwise be sold, lent, hired or otherwise circulated without prior consent of CASSA.

Disclaimer: While financially supported by The Law Foundation of Ontario, the Council of Agencies Serving South Asians is solely responsible for all content.

ISBN: 978-1-9994045-0-5

# تسلیم

ہم ان اداروں اور شخصیات کے تعریف گو اور شکرگزار ہیں جنھوں نے اس اشاعت کو ممکن بنایا۔ ہم ان کے بھی احسان مند ہیں جنھوں نے اپنا قیمتی وقت مشاورات اور فوکس گروپ ڑسکشن میں صرف کیا۔

ہم مندرجہ زیل شراکت دار ایجنسیز اور قانونی مہارین کے مہربان ہیں کہ انھوں نےکئیطریقوں سے ہماری مدد فرمائی جس میں زرائع بانٹنا، قانونی معلومات کی توثیق اور مختلف پروجیکٹ کی سطحوں پر ہماری رہنمائی ہے۔

وہ حروف تہجی کی ترتیب سے یہ ہیں:

- ایف سی جے ریفیوجی سینٹر
- محمد وشھیم احمد بیریسٹر اور سولیسٹیر قانونی ماہر مہاجر قانون
- سیٹلمنٹ ایسیسٹنس سپورٹ سروسز
- ساوتھ ایشین لیگل کلینک اوف اونٹیریو
- دا ایڈوکیسی سینٹر فور ٹینینٹظ اونٹیریو
- دا عرب کمینیوٹی سینٹر اوف ٹورونٹو

ہم اپنے عملے اور رضاکارانہ افراد کے بہت مشکور ہیں۔

خاص شکریہ لا فاونڈیشن آف انٹیریو کو جاتا ہے جس نے اس پراجیکٹ کے لیے فراخدلی سے امداد بخشی ۔

# تعارف

یہ کتابچہ(مہاجر) ریفیوجی نوجوانوں کے لیے قانونی معلومات کا مجموعہ ہے۔اس کا تصور یہ ہے کہ اس میں جامع معلومات ریفیوجی نوجوانوں کو ہماری سوسائٹی میں شمولیت میں مدد دیں گی۔ اور ان زرائوں سے رسائی ملے گی جو کے نئے مہاجرین کے منتقلیکےمسائل کو اجاگر کرتے ہیں۔

یونائٹڈ نیشنس ہائے کمشن فار ریفیوجیز کے مطابق دنیا میں بیس افراد ہر ایک منٹ میں تنازعہ اور ستم کے باعث زبردستی نقل مکاں ہوتے ہیں۔ اس تعداد میں تقریبا 22.5 کروڑ مہاجرین اور آ دھے سے زائد اٹھارہ سے کم عمر ہیں۔ریفیوجی نوجوان اور بچے جنس پر مبنيتشدد ، جنسی استحصال،جبرا "بھرتی غیر قانونی گرفتاری اور حراست کا زیادہ نشانہ بنتے ہیں۔ اس پس منظر میں ہم نےیہ قانونی تعلیماتی ٹولکٹ تیار کیا ہے تاکہ ریفیوجی نوجوانوں کو قانونی معلومات کی رسائی سے براہ راست منافع ہو۔

یہ ٹول کٹ ریفیوجی نوجوانوں کی دو اہم ضرورتوں کو خطاب کرتا ہے۔ پہلا تو اس سماجی علحیدگی کو جس سے نئے مہاجرین کا نئے ملک میں

سامنا ہوتا ہے۔ دوسرا اس معلوماتی خلل کو جو کے کینیڈا اور ان کے فرار ممالک کے اصولوں اور قوانین کے درمیاں پائیا جاتا ہے۔

معلومات کے لحاظ سے ریفیوجی نوجوانوں کے کئی تشویش ناک جزو ہیں۔ ہم نے ان میں سے کچھ موضوعات کو چنا ہے جو کہ فوکس گروپ ڈسکشن شامل میں ریفیوجی نوجوان قانونی مہائرین کے مشورات ، سماجی کارکن اور تصفیہ ایجنسیز کی رائے پر مبنی ہیں۔

اگرچہ یہ وسیع نہیں مگر ہماری کوشش رہی ہے کہ ہم ان توجہ طلب قانونی عنوان پر نظر ثانی کریں جو نوجوانوں کے مطلق ہیں۔ کچھ جزو جن پر مذید تحقیق درکار ہے وہ توقع ہے کہ جلد ہی ویب ٹول کٹ پر ہم فراہم کریں گے۔ ہم نے ایک باب زرائع کا شامل کیا ہے جہاں ٹول کٹ کے صارفین کو مطلقہ اداروں اور قانونی خدمات سے رسائی ملے گی۔ وہ وکیلوں سے قوانین کی درستگی استعمال کے وقت کی مناسبت سے لے سکتے ہیں - یہ کتابچہ آسان اور واضح زبان میں لکھا گیا ہے۔ یہ عربی، ٹامل اور اردو زبانوں میں منتعقل کیا جائے گا تاکہ نوجوانوں کو معلومات حاصل کرنے میں کوئی زبانی رکاوٹ کاسامنا نہ ہو۔

# فہرست


1-ری‌فی‌وجی قانون ............................ 1

2-ٹورانٹو حفاظت گاہ ............................ 6

3-اپنے حقوق کا پتہ ............................ 8

آزادی اور حقوق کا چارٹر

انسانی حقوق کوڈ اف انٹی‌ری‌و

4-جرم کے متعلق قانون ............................ 12

مجرمانہ نوجوانوں کے انصاف کا نظام

اونلائن حفاظت

کارڈنگ

جنسی جرم

رضامندی کا قانون

5-ضابطی ممنوعات ............................ 24

آوارہ گردی

تمباکونوشی

6-تعلی‌م ............................ 28

پبلک اسکول

سی‌ک نڈی‌ری تعلیم

7-روزگار ............................ 31

ریفیوجی دعویدار

صوبائی

ضابطے

کم سے کم اجرت

کام کے گھنٹے

عام تعطیل

گھریلو اور جنسی تشدد کی چھٹی

کام کی جگہ پر حفاظت

8-رہائش ............................ 37

جگہ کرایہ پر لینا

دار ی اور بےدخلی کرای ہ

9-صحت ............................ 43

پروگرام- ریفیوجی حیلتھ فیڈرل دا انٹیرم

10-زرائع ............................ 45

# ریفیوجی قانون

کنیڈا یونائٹڈ نیشنز 1951 **(مہاجرین) ریفیوجی کی حالت کے متعلق کنونیشن** اور اس کے 1967 پروٹوکول میں حصہ دار ہے۔ کنیڈا کا ریفیوجی نظام *امیگریشن اینڈ ریفیوجی پروٹیکشن ایکٹ* کے ظابطے کے تحت کنوینشن کو لاگو کرتا ہے۔

*امیگریشن اینڈ ریفیوجی پروٹیکشن ایکٹ* کے مطابق ریفیوجی تحفظ اس شخص پر عطا ہوتا ہے جب وہ کنوینشن ریفیوجی یا پھر ضرورت تحفظ شخص تعین کیا جائے۔

**کنوینشن ریفیوجی** وہ شخص ہے جو کسی ستم کے ڈر کی ٹھوس وجہ سے جو کہ نسل، مزہب، قومیت ،کسی خاص سماجی گروپ کی رکنیت میں یا سیاسی خیالات کی بنا پر ہو۔

(ا) اپنی قومیت کے ملک سے باہر ہے اور اس ڈر کی وجہ سے ناممکن ہے کہ ملکی تحفض سے دست آویز ہونا۔

(ب) جو ملکی قومیت سے محروم ہے،اپنی سابق رہائشی ملک سے باہر ہے اور ڈر کی وجہ سے داخل نہیں ہونا چاہتا یا ہو نہیں سکتا۔

**ضرورت تحفظ شخص** کے معنی وہ شخص ہے جو کنیڈا میں ہو اور جس کی اپنے ملک یا، قومیت کے ممالک یا اگر ان کا کوئی ملک نہیں ہے تو اس ملک جس میں وہ پہلے زیرپزیر تھے اس سے ان کی ذات کو

(ا)خطرہ یا تشدد، *ارٹئکل 1 اف دی کنوینشن اگینسٹ ٹارچر* کی معنی کے تحت

یا

(ب) زندگی کے خطرے کا اندیشہ یا ظالمانہ اور غیرمعمولی برتاؤ یا سزا کا اندیشہ ہو۔

جیسا کے کینیڈا، 140 ممالک سے آئے ریفیوجیز کے لیے گھر رہا ہے جوکہ یا تو دوبارہ آباد ہوئے یا ان کو پناہ عطا کی گئی (کینیڈا گورمنٹ عادم شماری،2010 )

کینیڈین ریفیوجی سسٹم کے دوحصے ہیں:

-*دا ریفیوجی اینڈ ہیومینیٹیرین ریسیٹلمنٹ پروگرام* ان لوگوں کے لیے جن کو کینیڈا کے باہر سے تحفظ چاہیے اور

-اندرونی ریفیوجی اپیلیکیشن ان لوگوں کے لیے جو کینیڈا میں رہتے ہوئے تحفظیاتی ریفیوجی کامطالبہ کرتے ہیں۔

## ریفیوجی اینڈ ہیومینیٹیرین ریسیٹلمنٹ پروگرام

ہر سال کینیڈا کچھ نمبر کے *ریفیوجی یونائٹڈ نیشنز حائی کمشنر فار ریفیوجیز (UNHCR)* کے زریعے سے لیتی ہے جو کے درخواست کے جانچ پڑتال اور شناخت کے مراحل سے گزرتے ہیں۔

اس کے علاوہ پرائویٹ سپانسر کا گروپ اور غیرمنافع ادارے بھی ریفیوجیز کو اسپانسر کر سکتے ہیں۔ ان کو ایک اسپانرشپ معاہدہ گورمنٹ اف کینیڈا کے ساتھ پہ دستخط کرنا ہو گی کہ وہ ریفیوجیز کی مدد کریں گے۔ ان گروپس کو سپونسرشپ ایگریمنٹ ہولڈرز کہتے ہیں۔ سپونسرشپ ایگریمنٹ ہولڈرز یا تو خود ریفیوجیز کو اسپانسر کر سکتے ہیں یا کمیونٹی میں دوسروں کے ساتھ مل کر۔

## اندرونی ریفیوجی درخواست پروگرام

یہ پناہ گزین پروگرام کینیڈا میں ان لوگوں کو ریفیوجی تحفظ پہنچاتا ہے جن کو :

- ستم کے ڈر کی ٹھوس وجہ ہو یا
- زندگی کے خطرے کا اندیشہ یا ظالمانہ اور غیرمعمولی برتاؤ یا سزا کا اندیشہ ہو۔

کچھ گروہ کے لوگوں کو ریفیوجی تحفظ کی درخواست کی منظوری کے کم امکان اس صورت میں ہوتے ہیں کہ اگر وہ کسی سنگین جرائم کے سزایاب شخص ہوں یا جن کا سابکہ ریفیوجی مطالبہ کینیڈا سے رد ہو چکا ہو۔

ریفیوجی نظام کے بارے میں مذید قانونی مشورے کے لیے آپ کسی وکیل سے رجوع کریں۔ ہو سکتا ہےکہ آپ لیگل ایڈ سروسز انٹیریو کے مستحق ہوں۔ آپ www.legalaid.on.ca کو مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں۔

## پھر سے آباد ریفیوجیز کی امداد

ریفیوجی ایسٹینس پروگرام کے تحط کینیڈا میں داخل ہونے کے بعد گورمنٹ اف کینیڈا کینیڈین امداد پر منحصر ریفیوجیز کی ضروری خدمات اور امدنی امداد سے مدد کرتی ہے۔ ریفیوجی ریسیٹلمنٹ پروگرام کا انتظامیہ عمل *امیگریشن ریفیوجیز اینڈ سٹیزنشپ کینیڈا/ (IRCC)* کرتا ہے جس میں درخواست کے مراحل اور پھر سے آباد کرنے کا بندوبست بھی ہے۔

اس پروگرام سے ریفیوجیز کو ایک سال تک آمدنی امداد ملتی ہے یا جب تک وہ خود کفیل نہ ہو جائیں،اس میں سے جو صورت پہلے ہو۔ بنیادی معاشرتی امداد جس میں پناہ گاہ ،کھانا اور دوسری اشیاء بھی فراہم کی جاتی ہیں۔

اسپانسر کی امداد میں رہائش، کپڑا اور کھانا شامل ہے۔ زیادہ تر اسپانسرشپ ایک سال تک چلتی ہےلیکن ہو سکتا ہے کہ کچھ ریفیوجیز کو اپنے اسپانسر سے تین سال تک کی مدد ملے۔

## نئے آنے والے،بشمول ریفیوجیز کے لیے امداد

کینیڈا کی گورمنٹ صوبائی حکومت، دیگر خدمات ادارے اور دوسرے غیرحکومتی شراکت دار ایجنسیز کو آبادکاری کے پروگرام چلانے کے لیے

مالیاتی مدد کرتی ہے۔ آباد کاری کے پروگرام کینیڈا میں بسنے اور رہن سہن سمجھنے کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

یہ خدمات نئے آنے والوں کی ان طریقوں سے بھی مدد کرتی ہیں:

۔ آباد کاری کی ضروریات کی جانکاری دیتی ہیں اور برادری میں موجودہ وسیلوں سے رابطہ کراتی ہیں۔

۔ کینیڈا میں زندگی گزارنے اور باخبر فیصلے کی سمجھ دیتی ہی۔ (اس میں شامل *کینیڈین اورینٹیشن ابروڈ پروگرام* جو بیرونی موصول ہے اور کینیڈا میں زندگی کے بارے میں عام معلومات دیتا ہے)۔

۔ انگریزی اور فرانسیسی زبان میں ٹرینگ، کینیڈا میں رہنے کے ہنر جمع کرنے کے لیے۔

۔ نوکری کی تلاش اور ملنے میں

۔ برادری رابطے بڑھانا جس میں طویل رہ پزیر کینیڈین قائم امیگرینٹ، اور

۔امدادی خدمات جن سے نئے آنے والوں کو مدد ملتی ہے؛

۔ بچے کی دیکھ بھال

۔ ٹرانسپورٹ کا استعمال

۔ترجمعہ اور تشریح کی خدمات کی تلاش

۔ معزور لوگوں کے لیے زرائوں کی تلاش

۔ قلیل مدت کے لیےکرایسس کاونسلنگ کی ضرورت ہونے پر دسترس

امدادی خدمات سے رسائی افراد کے کینیڈین شہری بنے تک رہتی ہے۔

# ٹوُرانٹو شہر، ایک پناہ گاہ شہر

## پناہ گاہ شہر سے کیا مراد ہے؟

پناہ گاہ شہر کا تصور سرکاری طور پر ٹورانٹو میں " ٹورانٹو ٹی ۔عو" کہا جاتا ہے۔ اس کے معنی ہیں کہ غیرحیثیت ریفیوجیز کو کچھ شہری خدمات سے رسائی ہوتی ہے۔ شہری حکام بشمول پولیس مدد کی فراہمگی کی صورت میں، شہری حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھ سکتے اور نہ امگیگریشن کینیڈا کو رپورٹ کر سکتےہیں۔

## کون غیرحثیثیت ریفیوجی ہے؟

غیرحثیثیت ریفیوجي سے مراد وہ شخص ہےجس نے کینیڈا کو اپنا گھر بنایا ہے لیکن قانونی امیگریشن حیثیت سے قاری ہے۔

اس میں شامل ہیں وہ ناکام ریفیوجی دعویدار، غیردستاویز ریفیوجیز ، امیگریشن فیصلے *امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ* کا انتظار کرنے والے دعویدار، وہ مہاجرین جو اسپانسرشپ کی خرابی سے گزرے ہیں یا ایسے افراد جن کی عارضی مزدوری، طالب علم یا مہمان ویزہ ختم ہو چکا ہے۔

ٹورونٹو شہر(جی ٹی اے کے علاوہ) نے امیگریشن حیثیت سے' نہ پوچھو، نہ بتائو' پالیسی رکھی ہے ۔اس کے معنی ہیں کہ شہری حکام کو لازمن ہے کہ وہ :

1۔ کچھ خدمات فراہم کرتے ہوئے امیگریشن حیثیت نہ پوچھیں ۔

2۔ غیر حیثیت رہائشی کو خدمات کی رسائی سے منع نہیں کر سکتے کیونکہ وہ اس کے حقدار ہیں۔

3۔ وہ زاتی اور شناخی معلومات وفاقی حکام کے ساتھ نہیں بانٹ سکتے حتا کہ وفاقی یا صوبائی قانون کو ضرورت نہ ہو۔

خدمات میں شامل ابتدائی تعلیم اور خیال، ابتدائی تعلیم اور خیال، دانتوں کی کلینک، ایمرجنسی پناہ گاہ، ٹیکے،پیدائش سے پہلے کی کاونسلنگ، ڈراپ ان سینٹر، ٹورانٹو امدنی اور سماجی خدماتی سینٹرز، مشکلات کے لیے رقم، کمیونٹی کی دیکھ بھال تک رسائی مراکز کا حوالہ، آگ اور ایمبولنس، کاونسلنگ اور ظلم سے امداد، لائبریری، قانونی امدادی خدمات جو کہ آپکے امیگریشن حیثیت کے سلسلے میں مدد کر سکتی ہیں، فوڈ بینکس، لیسبین اور گے کاونسلنگ، بچوں کی دیکھ بھال، تفریح پروگرام اور رضاکارانہ طور پرکام ہیں ۔

**طبی ہنگامی صورت میں، آپ 911 کو کال کریں اور " ایمبولینس اونلی" کی درخواست کریں**

**18 سال سے کم ہر بچے کو انٹیریو میں اسکول جانے کا حق ہے، چاہے اپنی یا اپنے والدین کی امیگریشن حیثیت جو بھی ہو**

# اپنے حقوق جانیے

## آئین اور کینیڈین حق اور آزادی کا فرمان (چارٹر آف رائٹس اینڈ فریڈم)

کینیڈا کا آئین اعلا ترین قانون ہے۔ باقی سارے قوانین کو آئین کے ساتھ ہماہنگ ہونا چاہیے۔اگر ایسا نہ ہو تو وہ درست نہیں ہوں گے۔ چونکہ *چارٹر آف رائٹس اینڈ فریڈم* کا حصہ ہے، وہ قانون جو چارٹر کو توڑتے ھیں وہ غلط ہیں ۔ اس وجہ سے کینیڈا چارٹر سب سے ضروری قانون ہے۔

## کینیڈین حق اور آزادی کا فرمان (چارٹر) آئین عمل، ۱۹۸۲ کا پہلا حصہ ہے۔

یہ چارٹر سب کینیڈین ، مستقل رہائش پزیروں اور چند لوگ جو کینیڈا میں رہتے ہیں ان کے کچھ حقوق کو لازم ٹھراتا ہے۔

چارٹر کینیڈین شہری اور مستقل رہائش پزیر بشمول نئے آنے والوں کے جس میں ان کچھ بنیادی حقوق کی حفاظت کرتا ہے:

۔ مذہب پہ عمل کرنے کی آزادی

۔اظہار کی آزادی، پریس اور پرامن مجلس کی آزادی

۔ جینے کا حق اور کینیڈا میں کہیں بھی نوکری تلاش کرنے کا

۔ کینیڈا کی کوئی بھی سرکاری زبان (انگریزی یا فرانسیسی) استعمال کرنے کا حق

۔ کینیڈا کی کثیر ثقافتی ورثہ کی حفاظت

۔ ووٹ کا جمعوری حق

چارٹر میں کچھ حقوق کی حفاظت کینیڈا میں ہر فرد کے لیے ہے ،چاہے اس کی کوئی بھی امیگریشن حیثیت ہو ۔ وہ یہ ہیں؛

۔ ہر انسان کو حق ہے کہ اسے برابر اور قانون کے تحت برتاؤ کیا جائے اور اسے برابر حفاظت اور برابر کا قانون سے فائدے کا حق ہے، بنا کسی امتیاز ، خاص طور پر نسل، قومی اور نسلی بنیاد،رنگ، جنس، عمر، دماغی یا جسمانی معزوری کی بناء پر۔

۔ قانونی حق جیسا کہ زندہ رہنے کا حق، آزادی اور تحفظ

۔ محفوظ ہونے کا حق، غیرمعقول تلاش یا گرفتاری کے خلاف

۔ زبردستی روکنے اور قید نہ ہونے کاحق

۔اگر کسی شخص کو پولیس نے گرفتار یا روکا ہے تو اس کو حق ہے کہ

1 فوری طور پہ گرفتاری کی وجہ بتائی جائے

2 بتایا جائے کہ ان کو کاونسل کو روکنے اور ہدایت دینے کا بلا تاخیر حق ہے اور ان کو قانونی مشورہ لینے میں مدد کرے

- کوئی ظالمانہ اور غیرمعمولی رویہ کے زیر نہ ہونے کا حق ہے

چارٹر کےحقائق اور آزادیاں قطعی نہیں ہیں۔ان کو دوسرے حقوق اور ضروری قومی اقدار کو محفوظ کرنے کے لیے محدود کیا جا سکتا ہے۔

## ظابطہ انسانی حقوق اف انٹیریو (ہیومن رائٹس آف اونٹاریو)

انٹیریو صوبے میں، *ہیومن رائٹس آف اونٹاریو* تمام لوگوں کو برابر حقوق دیتا ہے۔ کچھ مخصوص محفوظ معاشرتی حصوں میں کسی کے مواقوں میں فرق نہیں رکھتا۔ ان میں رہائش، نوکری، تعلیم، اشیاء، خدمات اور سہولیات اور یونین، تجارت یا پیشہ ورآنہ انجمن میں رکنیت شامل ہے۔ اس ظابطے کا مقصد محفوظ بنیاد پر شخص کی شناخت یا صلاحیتِ ، یا معظوری یا اور کسی بنا پر جو ایک انسان کو دوسرے میں فرق کرنے سے بچانا ہے۔

## تفریق کےمعنی کیا ہیں؟

جب آپ کسی نوکری کی کوشش کرتے ہیں، کرائے پر جگہ لیتے ہیں، سودا سلف لیتے ہیں، ریستوران پہ جاتے ، یا کوئی گورمنٹ یا پرائیوٹ اداروں کی خدمات حاصل کرتے ہیں تو سہولت کار کو کچھ اصولوں کی پیروی کرنا ضروری ہے۔اگر آپ دوسروں سے مختلف رویہ سے دوچار ہوئے ہوں یا آپ کو خدمات دینے سے شناخت کی بنا پر انکار کیا جائے تو اس کو تفریق یا تفریقاتی سلوک کہتے ہیں۔

*ہیومن رائٹس* کوڑ تفریق کو مندرجہ ذیل بنیاد پر ممنوعہ قرار دیتا ہے:

1۔ اباؤاجداد، نسل، نسلی بنیاد

2۔ بنیادی جگہ

3۔ رنگ

4۔قومیت

5۔عقیدہ

6۔ جنسی،حمل، ماں کا دودھ

7۔جنسی واقفیت

8۔ صنفی شناخت

۹۔جنسی اظہار

10۔ عمر

11۔ ازدواجی حیثیت، خاندانی حیثیت

12۔ معزوری

13۔ عوامی مدد کی رسید (صرف گھر)

14۔ جرموں کا ریکارڈ (صرف امدنی)

اگر آپ ان میں سے کسی وجہ پر تفریق محسوس کرتے ہیں تو اس شخص کے خلاف کاروائی ہیومن رائٹس ٹربیونل میں کر سکتے ہیں۔ اگر اونٹیریو ٹربیونل کو پتا چلےگا کہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے ہو تو آپ کو معاوزہ نقصانات کو ملا کر مل سکتا ہے۔

**ہیومن رائٹس اف انٹیریو تمام لوگوں کو برابر حقوق دیتا ہے۔ کچھ مخصوص محفوظ معاشرتی حصوں میں کسی کے مواقوں میں فرق نہیں رکھتا۔**

# جرم کے متعلق قانون

## نوجوانوں کا مجرمانہ انصاف کا نظام

انٹیریو میں اگر 12 اور 17 سال عمر کے درمیان کے افراد مصیبت میں پڑ جاتے ہیں تو قانونی نظام ان کو بالغ شخصیات سے مختلف طریقے سے برتاؤ کرتا ہے۔ جب کوئی نوجوان قانون توڑتا ہے تو *یوتھ کریمینل جسٹس ایکٹ* (‘YCJA’) ہدایت کرتا ہے کہ پولیس اور عدالت کو کیا کرنا ہے۔ جرم کی سنجیدگی اور حالت جرم کی بناء پر جوان مجرم کو پولیس انتباہ یا رسمی تنبیہ دے سکتی ہے ، اس کو کمیونیٹی پروگرام کا حوالہ دے سکتی ہے یا الزام عائد کر کے عدالت بھیجا جاتا ہے۔ ان نوجوانوں کے قانون کے مطابق کچھ حقوق ہیں جس میں رازداری حقوق اور میڈیا کی چھان بین سے تحفظ شامل ہے۔

## نوجوان شخص کے حقوق

نوجوان شخص وہ شخص ہے جو ثبوت کی عدم موجودگی میں 12 کا ہو یا لگتا ہو اور یا تو 12 سے بڑا اور 18 سال سے کم۔

نوجوانوں پر کاروائی میں عدالت خاص خیال کرتی ہے ۔ خاص طور پر ، ان کے حقوق اور آزادیوں میں یہ حق ہیں:

۔ ان کو سنا جائے اور حصہ لینے دیا جائے جب عدالت کاروائی کے دوران ان فیصلوں کی طرف جاتی ہے جو ان کو متاثر کرتی ہیں۔

-ان کی تمیز ، ہمدردی، وقار اور پوشیدگی کا احترام

-ان کو عدالت کی کاروائیوں کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں-

-ان کے ماں باپ کو ان سے تعلق رکھتے اقدام اور کاروائیوں کے بارے میں اطلاح دی جائے اور حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ اپنے نوجوان بچوں کے رویے کو درست کرنے میں مدد کریں-

## اٹھارہ سال کے ہونے کے بعد

*یوتھ کرمنل جسٹس ایکٹ* کے تحت ایک نوجوان پر شروع کی گئی کاروائی اس کے اٹھارہ سال ہونے کے بعد بھی ہوتی ہے- اگر مبینہ الزام نابالغ عمر میں سرزرد ہوئے تو یوتھ کرمنل جسٹس ایکٹ اس کے اٹھارہ ہونے کے بعد بھی لاگو ہو تا ہے-

## مشورہ دینے کا حق

ایک نوجوان کو بنا تاخیر وکیل منسوب کرنے کا حق ہے اور زاتی طور پر اپنے کیس کے کسی بھی مرحلے میں حق استعمال کرنے کا -

اگر نوجوان روکا یا گرفتار کیا جاتا ہے تو افیسر کو **ضروری** جلدازجلد نوجوان کو وکیل رکھنے کے حق کے بارے میں بتانا اور اس کو وکیل سے ملنے یا بات چیت کرنے کا موقع دینا چاہیے-

**والدین کو نوٹس- روکنے یا گرفتاری کی صورت میں**

اگر نوجوان روکا یا گرفتار کیا جاتا ہے تو افیسر کو **ضروری** جلدازجلد والدین کو گرفتاری کا بتانا ہے اور گرفتاری کی جگہ اور وجہ بھی دینی ہے۔

**والدین کو نوٹس۔غیر ضروری**

اگر مبینہ الزام نابالغ عمر میں سرزرد ہوا اور اس کی عدالتی پیشکش یوتھ جسٹس کورٹ میں، بیس سال

ہونےکے بعد ہوتی ہے تو والدین یا سرپرست کو بتانا ضروری نہیں ہے۔

## آن لائن حفاظت

سماجی میڈیا کا نوجوانوں پر اور ان کی روزمرہ نیٹ ورکنگ پر اہم اثر ہوتا ہے۔

سماجی نیٹ ورکنگ ایپلیکیشن، ویب سائٹ، چیٹ روم اور آنلائن فورم روزمرہ دن کا حصہ ہیں۔ جتنی زیادہ ہم یہ آنلائن ایپلیکیشن استعمال کرتے ہیں اتنی زیادہ رازداری اور حفاظت کو خطرہ ہے۔ اگر ہم خیال سے ان کو استعمال نہ کریں گے تو انٹرنیٹ ایک خطرناک جگہ بن سکتی ہے۔ جنسی طور پر ہراساں ہونا اور بدمعاشی دو بڑے خطرات ہیں جن سے نوجوان آنلائن دوچار ہوتے ہیں۔

*رائل کینیڈین ماونٹڈ پولیس*(www.rcmp.gc.ca) کا *سینٹر فار یوتھ کرائم پریوینشن* ساعبر بللینگ کی تعریف اور ہدایات دیتا ہے۔ ان اسباب اور آنلائن سرگرمیوں کے قوانین کے بارے میں آگاہ ہونا ضروری ہے۔ کوئی بھی غلط آنلائن معلومات کے استعمال کے سنگین نتائج نکل سکتے ہیں، جیسے کہ مجرمانہ زمہ داری۔

## کمپیوٹر کے مطلق بدماشی (سائبر بللینگ )

**سائبر بللینگ مواصلاتی ٹیکنالوجی جیسا کہ سوشل نیٹ ورکنگ ایپس، ویب سائٹس ، اي -میل، ٹیکسٹ میسسجنگ، انسٹنٹ میسسجنگ بار بار اوروں کو دھمکی یا ہراساں کرنے کے لیے استعمال کرنے کو کہتے ہیں۔**

سائبر بللینگ میں شامل یہ حرکات ہوسکتی ہیں:

- کسی کو دھمکی خیز یا بدتمیز میسیج لکھ کر بھیجنا
- کسی کی شرمناک تصاویر آنلائن لگانا
- دوسروں کا مذاق اڑانے کے لیے ویب سائٹ بنانا
- کوئی اور ہونے کا جھوٹا دعوا کر کے ان کا نام آنلائن استعمال کرنا
- کسی کو بیوقوف بنا کر کوئی ذاتی یا شرمناک باتیں معلوم کرکے دوسروں کو بھیجنا

- کسی کا مذاق اڑانا ( اوپر دی گئی ٹیکنولوجیز سے) ان کی ظاہری صورت، جنس، مذہب اور جنسی واقفیت پر

- بار بار کسی کو تنگ کرنا یا کسی کو ناموں سے پکارنا، ٹیکنولوجی استعمال کرتے ہوئے

- کوئی رائے کسی کے بارے میں پوسٹ کرنا جو اس کو پریشان کرے

- کسی کی پرتکلف تصاویر اس کی اجازت کے بنا بانٹنا

## بللینگ (بدماشی) اور قانون

کینیڈا میں جو روایتی جرائم کسی الیکٹرانیکل آلہ سے ہوتے ہیں وہ *کرمنل کوڈ آف کینیڈا* کے شرائط میں آتے ہیں۔ بہت سی سائبر بولینگ کی سرگرمیاں مختلف اقسام کے جرم کے متعلق قانون میں آتی ہیں ۔ کوئی ملزم ان جرائم پر کرمنل کوڈ کے تحط چارج کیا جا سکتا ہے اور ثابت ہونے پر جیل جا سکتا ہے۔

کرمنل کوڈ میں یہ چارجز شامل ہو سکتے ہیں:

## جرمانہ حراساں کرنا

بار بار کسی کو آنلائن ٹیکسٹ، کال یا ای -میل کے زریع اذیت دینا جس میں کسی شخص کو اپنی حفاظت کا ڈر ہو۔

## بچوں کی فحش نگاری کی تقسیم وغیرہ

ایسی بےتکلف تصاویر اور وڈیوز کسی کے ساتھ بانٹنا جو اٹھارہ سے کم عمر ہو (نابالغ)۔

## استحصال

کسی کی ذاتی معلومات کو ان کی بات نہ ماننے پر دوسروں کے ساتھ بانٹنے کی دھمکی دینا۔

## شناخت چوری یا دھوکہ

کسی اور کی شناختی معلومات لے کر ان کی ساکھ خراب کرنے کے لیے نقلی آنلائن پروفائل بنانا۔

اگر آپ یا کسی کو آپ جانتے ہیں جو مندرجہ بالا میں سے کسی واقع جیسے کہ بدماشی یا دھمکیوں سے دوچار ہوئے ہیں تو آپ مقامی پولیس یا CYBERTIP.CA کو رپورٹ کر سکتے ہیں۔ دستیاب معلومات پر مبنی پولیس فیصلہ کرے گی کہ نقصان کو روکنے کے لئے کیا کارروائی کی ضرورت

ہے۔ پولیس ممکنہ طور پر کسی بھی شخص کے خلاف مجرمانہ الزامات مرتب کرسکتی ہے جو آن لائن مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ہو اور ایک بار ثبوت ہونے پر مجرمانہ سزا میں قید بھی شامل ہوسکتی ہے۔

## کارڈنگ

### کارڈنگ کو سڑک پہ جانچ پڑتال کہتے ہیں۔

ٹورانٹو پولیس سروس کے جنرل انٹیلی جنس جمع کرنے کی مشق کو 'کارڈنگ' کہا جاتا ہے۔ یہ ہماری کمیونٹی میں بہت سے لوگوں کے حقوق کی منظم خلاف ورزی کے طور پر دیکھا گیا ہے۔ اب، پولیس کے ذریعے امتیازی سلوک اور غیر قانونی معلوماتی مجموعہ کو روکنے کے لئے نئے قواعد موجود ہیں ۔

اونٹاریو میں، بعض صورتوں میں پولیس کو ارادہ طور پر کسی فرد کی نسل یا اعلی جرم والے پڑوس میں موجودگی کی بنا پر شناختی معلومات جمع کرنے کی اجازت نہیں ۔

پولیس آفیسر آپ سے شناختی معلومات **نہیں** مانگ سکتے اور نا ہی تو شانختی داستاویز دیکھنے کے لیے مانگ سکتے ہیں اگر وہ صرف:

- مشکوک سرگرمیوں کی تلاش میں
- انٹیلی جنس جمع کرنے میں

۔ ممکن مجرمانہ سرگرمی کی تحقیقات میں

پولیس افسران آپ کو معلومات شناخت یا ان کی شناختی دستاویز کو دیکھنے کے لئے آپ سے **پوچھ سکتے** ہیں، اگر وہ :

۔ ٹریفک سٹاپ کر رہے ہیں

۔ آپ کو گرفتار یا آپ کو روکے ہوئے ہوں

۔ وارنٹ کی تعمیل کرتے ہوئے

۔ ایک مخصوص جرم کی تحقیقات کرتے ہوئے

نئے کارڈنگ ریگولیشن کے تحت ، پولیس کو لازم ہے کہ ہر شخص جس کو وہ سڑک پر روکیں اس کو بتائیں کے اس کو حق ہے کے اپنے بارے میں وہ شناختی معلومات نا دے۔ اگر پولیس شناختی معلومات مانگتی ہے تو اس کی وجہ بتانا بھی ضروری ہے۔

ایک شہری اس جگہ سے جا سکتا ہے یا جواب دینے سے انکار کر سکتا ہے اگر پولیس اس کو روکے صرف اِس لیے کے وہ 'اعلی جرائم کے مقام' پر تھا۔ پولیس کو ضروری ہے کے وہ داستاویز بھی دکھائے جس پر اس کا نام ، بیج نمبر اور ہدایت دے کے وہ *آفس آف دا ان ڈیپنڈ پولیس ریویو ڈائریکٹر* سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں اگر ان کو آفیسر کے رابطے کے بارے میں تشویش ہو۔

پولیس آفیسر آپ کی شناختی معلومات جمع کرنے کی کوشش نہیں کر سکتے صرف اِس وجہ سے کے آپ کیسے دکھتے ہیں یا کس پڑوس میں رہتے ہیں۔

**پولیس آفیسر آپ کی شناختی معلومات جمع کرنے کی کوشش نہیں کر سکتے صرف اِس وجہ سے کے آپ کیسے دکھتے ہیں یا کس پڑوس میں رہتے ہیں۔**

## جنسی جرائم

*کریمینل* کوڈ کا مقصد لوگوں کو جنسی تشدد اور استحصال سے بچانا ہے .مثلاً ، اِس کا مقصد سب کو ، باشمول بچے ، بخلاف:

- جنسی حملہ
- ہتھیار کے ساتھ جنسی حملہ
- شدید جنسی حملہ
- شہوت نظری ( جس میں شامل لوگوں کی ذاتی یا جنسی زندگی چھپ کے دیکھنا ہے )

ـ بےتکلف تصاویر کی غیر رضاکارانہ تقسیم

ـ لوگوں کی بیوپاری

## جنسی استحصال کیا ہے؟

جنسی استحصال تب ہوتا ہے جب اقتدار یا اعتماد پر فیض کوئی شخص اپنی طاقت یا پوزیشن کو استعمال کرتے ہوئے دوسرے شخص کا جنسی فائدہ لے. ایک 16 یا 17 سال کا فرد بعض حالت میں جنسی سرگرمی کی اجازات نہیں دے سکتا ، اگر وہ جنسی سرگرمی کو رضمہ کانہ کہے بھی تو پھر بھی قانون اِس کو جنسی استحصال والی سرگرمی سمجھتا ہے۔

مندرجہ زیل کچھ اس قسم کی سرگرمیوں کی مثالیں ہیں:

ـ نوجوان کا جنسی ساتھی کے درمیان پوزیشن اعتماد یا اقتدار کی ہے ، مثلاً ٹیچر یا کوچ کی ہے

ـ نوجوان اپنے جنسی ساتھی کی دست نگر میں ہے ، مثلاً خیال یا حمایت کے لیے

ـ نوجوان اور جنسی ساتھی کا رشتہ استحصالی ہے

مندرجہ ذیل اسباب کو مدنظر رکھا جا سکتا ہے جب یہ تعین کرنا ہو کہ نوجوان کا رشتہ استحصالی ہے:

ـ نوجوان کی عمر

ـ نوجوان شخص اور ان کے ساتھی میں عمر کا فرق

- اگر یہ رشتہ خفیہ یا انٹرنیٹ کے ذریعہ سے جلدی بڑھا ہے
- اگر ساتھی نے نوجوان کو قابو یا اثرانداز کیا ہے

## رضامندی کے قوانین

کسی بھی جنسی تعلقات کا رضامندی سے ہونا ضروری ہے۔ یہ ضروری ہے کہ نوجوان رضامندی کے قوانین کے بارے میں جانیں اور یہ کےجب وہ رشتے میں ملوث ہوں تو ان کے ساتھیوں سے رضامندی لینا کتنی اہم ہے۔ بغیر رضامندی کے کسی کو چھونا یا محسوس کرنا غیرقانونی ہے۔ بغیر رضا کے ساری جنسی سرگرمیاں قانونی جرم ہیں ، بےلحاظ عمر کے۔ یہ سنگین جرائم ہیں جو سنگین سزا رکھتے ہیں۔

**بغیر رضا کے ساری جنسی سرگرمیاں قانونی جرم ہیں ، بےلحاظ عمر کے**

## کینیڈا میں رضامندی کی عمر

کینیڈا میں جنسی سرگرمی پر رضامندی کی عمر 16 سال کی عمر ہے۔ کچھ صورتوں میں، رضامندی کی عمر زیادہ ہوتی ہے (مثال کے طور پر، جب اعتماد، اتھارٹی یا انحصار کا تعلق ہے)۔ دوسرے الفاظ میں، ایک شخص کو عام طور پر کم از کم 16 سال کی عمر ہونا ضروری ہے تاکہ وہ جنسی سرگرمی کی قانونی رضا دے سکے۔

## جنسی سرگرمی کی رضا

جنسی سرگرمی کی عمر وہ عمر ہے جب نوجوان قانونی رضا دے سکتا ہے. رضامند عمر کے قوانین جنسی سرگرمیوں کے تمام اقسام پر لاگو ہوتے ہیں ،اِس میں گنجائش چومنے اور ہاتھ لگانے سے جنسی تعلق تک کی ہے۔

## عمر کے قریب کے مستثنیات

ایک 14 یا 15 سالہ عمر نوجوان کی جنسی سرگرمی رضاکانہ ہوسکتی ہے جب تک کہ ان کا ساتھی پانچ سال سے زائد عمر سے کم ہو اور ان کا رشتہ اعتماد، اتھارٹی، یا انحصار کا نہ ہو یا استحصال کا کوئی تعلق نہیں ہو۔ مثال کے طور پر، ان کا ساتھی خیال کرنے والا ، ٹیچر یا کوچ وغیرہ نہیں ہو سکتا۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر ساتھی 14 یا 15 سال کی عمر کے مقابلے میں 5 سال یا اس سے زیادہ ہے، تو کسی بھی جنسی سرگرمی کو مجرمانہ عمل سمجھا جائے گا۔

# نظامی ممنوعات

## آوارہ گردی

**آوارہ گردی کے معنی ہیں کے کسی جگہ پہ انتظار کرنا اِس انداز سے جیسے آپ کچھ غیر قانونی کرنے والے ہو ۔**

اونٹیریو میں *چائلڈ اینڈ فیملی سروسز ایکٹ* آوارہ گردی کے قانون کی وضاحت کرتا ہے۔ اِس قانون کے مطابق ، 16 سے کم عمر اکیلے عوامی جگہ پر رات کے بارہ بجے اور صبح کے 6 بجے کے درمیان آوارہ گردی یا گھوم نہیں سکتے۔

کوئی بھی 16 سال سے کم عمر بچہ کسی عوامی تفریح والی جگہ پر رات کے بارہ اور صبح کے چھ بجے کے درمیان نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ والدین بچے کے ساتھ ہوں یا بچے کے ساتھ اٹھارہ سال کی عمر یا اس سے بڑے کو ساتھ ہونے کے لیے مستحق قرار دیتے ہوں۔

اگر ایک بچہ جو اصل میں سولہ سال سے کم عمر کا ہے یا ایسا دکھتا ہے ، رات کے 12 بجے اور صبح کے 6 بجے کے درمیان اکیلا نظر آئے تو پولیس اس کو اس کے گھر یا کسی محفوظ جگہ پر لے کے جا سکتی ہے۔

پولیس اور پیس آفیسر کو یہ بھی حق ہے کے اس بچے کو وارنٹ کے بغیر پکڑ لیں۔

## سگرٹ نوشی سے پاک اونٹیریو

*منسٹری آف ہیلتھ اینڈ لونج-ٹرم کیئر* کے مطابق ، ہر سال ، 13000 زندگیاں تمباکو سے اونٹاریو میں ختم ہو جاتی ہیں ، جو کہ 36 زندگیاں فی دن کی ہوئیں۔ *اسموک فری اونٹاریو ایکٹ* بند کام کی جگاوں اور بند عوامی جگاوں میں تمباکو پھوکنا ممنوع قرار دیتا ہے تاکہ ملازم اور عوام کو بلاواستہ تمباکو نوشی سے بچایا جائے۔ نئے قائدے کے مطابق ، خوردا فروش کو پوسٹ *ایج ریسٹریکشن اور ہیلتھ وارننگ* سائین لگانا ضروری ہیں جہاں تمباکو کو بیچا یا فروغ کیا جائے۔ یہ ساینز مہیّا کرنے والے، بیچنے والے اور خریدار کو آسانی سے نظر آنی چاہیں۔ مقامی عوامی صحت یونٹس تمغہ مفت اونٹاریو ایکٹ کو نافذ کرنے کے لئے معائنہ کریں گے اور شکایات کا جواب دیں گے۔

### تمباکو نوشی - قانون

آپ اونٹاریو میں کسی بند عوامی جگہ یا مخصوص بیرونی تعمیری جگہ پر سگرٹ یا جلاوا تمباکو نہیں پکڑ سکتے۔

**اگر آپ ممنون جگہ پر تمباکو نوشی یا جالاوا تمباکو پکڑیں گے تو آپ کو ٹکٹ یا جرمانہ آیل ہو سکتا ہے۔**

مندرجہ ذیل مقامات پر تمباکونوشی **غیر قاونی** ہے:

۔ بیرونی صحن،جس میں شامل ساری بیرونی بار اور ریستوران سمیت صحن

۔ بچے کی دیکھ بھال کا مرکز جو *چائلڈ کیئر اینڈ ارلی ایئرز ایکٹ* کے لائسنس تحت ہے

۔ ایک موٹر گاڑی کے اندر جس میں سولہ سال سے کم عمر بچے ہوں (یہ قانون دونوں چلتی ہوئی اور کھڑی ہوی گاڑیوں پہ لاگو ہوتا ہے)۔ یہاں تک کہ اگر ایک کھڑکی ، سورجرو ، چھت، دروازہ، یا گاڑی کی دوسری خصوصیت کھلی ہے۔

۔ بند کام کی جگائیں، کام کے گھنٹوں کے دوران، اور اس کے بعد

۔ ہسپتال (عوامی، نجی اور نفسیاتی سہولت)، کسی بھی دروازے یا ایک ہسپتال سے باہر نکلنے کے 9 میٹر کے نصف قطر کے اندر اندر دھواں نہیں کر سکتے

۔ اسکول اور کسی بھی اندرونی یا بیرونی پراپرٹی جو اسکول استعمال کرتا ہو (اس میں کھیل گراؤنڈ اور کھیلوں کے میدان بھی شامل ہیں)

۔ بچوں کے کھیل کے گراؤنڈ اور عوامی سپورٹس گراؤنڈ. ان جگاوں پر 20 میٹر کے اندر تمباکو نوشی غیرقانونی ہے ( مثال کے طور پر، باسکٹ بال ،بیس بال، فٹ بال یا ساحل والی بال، آئس ریکس، ٹینس، سپاش پیڈ اور سوئمنگ پول کی اراضی میونسپلٹی، صوبہ، یا پوسٹ سیکنڈری تعلیم ادارہ)

۔ کثیر یونٹ رہائشیں، جس میں شامل عام جگہیں، کانڈو، اپارٹمنٹ عمارتیں، یا کالج اور یونیورسٹی کے رہائش گاہیں ہیں۔

## تمباکو کی فروخت

ایک شخص کو تمباکو مسنوات جیسے الیکٹرانک سگریٹ اور جزو حصے خریدنے کے لیے کم اِس کم 19 سال کا ہونا ضروری ہے۔ ایسے شخص کو تمباکو بیچنے سے پہلے جو 25 سال سے کم عمر دکھتا ہو بیچنے والے کو آئی ڈی شناختی کارڈ کی درخواست کرنا لازم ہے اور یہ تعین کرنا کے وہ کم اِس کم 19 سال کا ہو۔ تمباکو مسنوات بیچنے کے لیے کوئی عمر کی شرط نہیں ہے *لیکن منسٹری آف لیبر ریگولیشنز، اوکیوپاشنال ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایکٹ* کے اندر اونٹاریو میں کم اِس کم 14 سال کی عمر کام کرنے کے لیے اہل ہے۔

کالج اور یونیورسٹی کمپیس پر تمباکو بیچنا غیر قانونی ہے۔

# تعلیم

## پبلک اسکول

اونٹاریو میں، ایجوکیشن ایکٹ کہتا ہے کے سب بچوں کو اسکول جانا لازم ہے. جو بچہ 6 سال کا ہو اس کو اسکول **ضرور** جانا ہے۔ بہت بچے اسکول اِس سے جلد 4 یا 5 سال کی عمر میں کنڈرگارٹن پروگرام میں جاتے ہیں۔ کوئی اسکول بچوں کو داخلہ دینے سے منع نہیں کر سکتا کیونکہ اس کے والدین کے پاس یہ نہیں ہے:

- شناختی حیثیت کا ثبوت دکھانے کے لیے کہ انہوں نے اِس کے لیے درخواست کی ہے
- کام کرنے کا پرمٹ یا سوشل انشورنس نمبر
- اونٹاریو ہیلتھ انشورنس پروگرام کوریج (OHIP)

کوئی بھی 6 سے 18 سال کے درمیان کا بچہ اونٹاریو کے اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کا حق رکھتا ہے اور اس کا داخلہ

اِس بنا پہ منع نہیں ہو سکتا کے بچہ یا بچے کے والدین / سرپرست غیرقانونی طور پر کینیڈا آئے ہیں۔

## پوسٹ سیکنڈری تعلیم

کینیڈا میں، ہر صوبہ اور علاقہ ہر سطح کی تعلیم کے لیے ذمےدار ہے، بشمول یونیورسٹیز. اِس کا مطلب ہے ہر صوبہ اور علاقہ تعلیم کا معیار خود ریگو لیٹ کرتا ہے.

## اداروں کی اقسام

اعلی تعلیمی اداروں کی بہت اقسام ہیں. ہر صوبے میں یونیورسٹیاں ہیں جن میں آپ اپنی پسند کی یونیوریٹی میں داخلے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے ذہن میں کوئی خاص پیشہ ہے تو آپ کسی ٹیکنیکل یا کمیونیٹی کالیج میں پڑھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں یا آپ اپنے کمیونیٹی کالج کے اسناد یونیورسٹی میں منتقل کر سکتے ہیں تاکہ آپ اپنی تعلیم انڈرگریجویٹ سطح پرجاری رکھ سکیں ۔

## غیر معمولی امیگریشن کی حیثیت کے پروگرام کے ساتھ طالب علموں کے لئے رسائی

نازک حیثیت والے طلب علم جن کو اپنی حیثیت کی وجہ سے پوسٹ-سیکنڈری تعلیم کی رسائی میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے، ان کے لیے کینیڈا میں اعلی تعلیم حاصل کرنے کا نیا موقع ہے۔ *FCJ ریفیوجی سینٹر آف ٹورنٹو*(http://www.fcjrefugeecentre.org/) اس پروگرام کو حقیقت میں لانے میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔

کینیڈا میں نازک امیگریشن حیثیت یا بغیر کسی حیثیت والے طالب علموں کے لیے ایک تعلیمی بریجینگ کورس یورک یونیورسٹی کے سوشیولوجی ڈیپارٹمنٹ نے بنایا ہے۔ یہ کورس منتقلی کے مطالعہ میں اہم تصورات اور بحثوں کا تعارف فراہم کرتا ہے اور طالب علموں کی اہم پڑھنے، لکھنے، اور بولنے کی مہارت کو بہتر کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اس کورس میں گریڈ'B' یا اس سے بہتر آنے پر ممکن ہے کہ داخلے کا رستہ لبرل آرٹس اور پروفیشنل سٹڈیز اور گلینڈن کالج کے فیکلٹی کے پروگراموں اور دوسری فیکلٹی کے کچھ پروگرام میں کھل سکتا ہیں۔

**اونٹاریو میں، *ایجوکیشن ایکٹ* کہتا ہے کے سب بچوں کو اسکول جانا لازم ہے**

**اگر آپ نازک امیگریشن حیثیت رکھتے ہیں تو آپ *ایکسس فور سٹوڈنٹس واد پریکیریس امیگریشن اسٹیٹس پروگرام* ، یارک یونیورسٹی میں داخلے کے اہل ہو سکتے ہیں ۔**

# روزگار

## ریفوجیی دعوے دار

اگر آپ نے کینیڈا میں ریفوجیی حفاظت کے لیے درخواست دی ہے اور آپ کو *ریفوجیی پروٹیکشن ڈویژن (RPD) آف امیگریشن اینڈ ریفوجیی بورڈ آف کینیڈا* سے فیصلے کا انتظار ہے، اور آپ اپنی بنیادی زرورتیں کام کے بغیر پُوری نہیں کر سکتے تو آپ اوپن ورک پرمٹ کے لیے اہل ہیں۔ اوپن ورک پرمٹ آپ کو کینیڈا میں کام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اِس فرہامی میں کچھ مخصوص اعتراضات شامل ہیں اور آپ کو اوپن ورک پرمٹ حاصل کرنے کے لیے عام اہلیت کے معیار پر پورا اترنا پڑے گا۔ بہتر ہے کے آپ وکیل سے قانونی مشورہ لیں. مہربانی کر کے معلومات اور قانونی امدادی خدمات کے لیے وسائل کے سیکشن کو رجوع کریں۔ آپ اپنی درخواست میں گھریلو افراد جن میں شریک حیات یا مشترکہ قانون کے ساتھی، انحصار بچوں، اور ان کے انحصار بچوں کو شامل کر سکتے ہیں ۔

آپ اور آپ کے گھریلو افراد اوپن ورک پرمٹ کے مستحق ہیں اگر RPD نے آپ کا رفوجیی درخواست **رد** کردیا ہے اور;

- آپ کے اپنے کنٹرول سے باہر وجوہات کی وجہ سے آپ کو کینیڈا سے نہیں نکالا جا سکتا
- آپ اپنی بنیادی ضروریات کا خرچہ بغیر کام کیے نہیں نکال سکتے۔

ان صورتحال میں آپ کے گھر کے فرد کا کینیڈا میں ہونا ضروری ہے اور ورک پرمٹ حاصل کرنے کے لیے آپ کو پھر بھی عام اہلییت کے معیار پر پورا اترنا ہو گا۔

## صوبائی قواعد

### اونٹاریو میں امپلایمنٹ اسٹینڈرڈ ایکٹ کے اندر صوبائی ریگیولیٹڈ کام کی جگائوں کے حقوق اور زمیداریاں ہیں۔ یہ تنخواہ، کام کے گھنٹے اور عوامی چھٹیوں کے کم از کم معیار طے کرتا ہے۔

آپ کے پاس ایک محفوظ کام کی جگہ کا حق ہے اور آپ کی امیگریشن کی حیثیت سے بےمتاثر ہوئے کام پر اجرت ملنے کا بھی حق ہے۔ اگر آپ درست سوشل انشورنس نمبر (SIN) یا ورک پرمٹ کے بنا کام کر رہے ہیں تو آپ کو پھر بھی بنیادی لیبر قوانین کے تحت بشمول ملازمت کے معیار، صحت اور حفاظت، اور کام کی جگہ پہ حفاظت، *انسانی حقوق اور انشورنس بورڈ*۔(WSIB) کا حق ہے-

اگر آپ غیر حیثیت والے نوجوان ہیں اور آپ کے مالک نے ملازمت کی اجرت ادا نہیں کی تو آپ کے اجرتوں کا دعوی کرنے کے لئے کارروائی کا حق حاصل ہے. یا آپ ایسا کام کر رہے ہیں جس میں آپ کو مشینری استعمال کرنا پڑتی ہے تو آپ کے مالک کی ذمہ داری ہے کے حفاظتی انتظام جگہ

یہ ہوں ورنہ وہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ اگر آپ کو اِس میں سے کوئی بھی مسئلہ درپیش ہے تو آپ قانونی مشورہ لے سکتے ہیں۔ اس کتابچہ کے اختتام پر درج کردہ قانونی کلینک اور وسائل موجود ہیں جہاں آپ مدد کے لئے پہنچ سکتے ہیں –

## اونٹاریو میں کم سے کم اجرت

جنوری 1، 2018 سے  فی گھنٹہ کم از کم اجرت یہ ہے:

| | عام | شراب دینے والے | 18 سے کم عمر طالب علم |
|---|---|---|---|
| 1 جنوری، 2018 | $14 | $12-20 | $13-05 |
| 1 جنوری، 2019 | $15 | $13-05 | $14-10 |
| 1 اکتوبر، 2019 (اس کے بعد ہر سال) | $15 + رہنے کا خرچہ مطابقت | + $13-05 رہنے کا خرچہ مطابقت | + $14-10 رہنے کا خرچہ مطابقت |

آپ کو کم سے کم اجرت کی ادائیگی فی گھنٹہ ملنی چاہئیے۔ اس کم سے کم اجرت کے اصول میں کچھ اعتراضات بھی ہیں۔

## کام کے گھنٹے

روزانہ گھنٹے

آپ کو دن میں 8 گھنٹے سے زیادہ کام کرنے کی ضرورت نہیں یا اتنے گھنٹے جو آپ کے عام دن میں ہوتے ہیں ( اگر 8 سے زیادہ مگر 13 سے کم ہوں)-

اضافی گھنٹے

اگر آپ کی کام کی جگہ آپ کو مامول کے دن سے زائد کام کروانا چاہتی ہے تو ان کو ایک معاہدے پر دستخط کرکے تحریری رضامندی لینی ہو گی ( ایمرجنسیس کے علاوہ)- آپ کو معمول سے زیادہ گھنٹے کام کرنے سے انکار کرنے کا حق ہے اور اپ معاہدے پر دستخط کرنے سے انکار کر سکتے ہیں -

کھانے کے وقفے

آپ کو ہر 5 گھنٹے کی مدت میں کام کرنے پر 30 منٹ وقفے کا حق ہے- اس وقفے میں ادائگی روزگار معاہدے پر منحصر ہے-

مقررا وقت سے زیادہ وقت ( اوور ٹائم )

اگر آپ 44 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں تو آپ اوور ٹائم کے اہل ہیں .اضافی تنخواہ کو آپ کی باقائدہ تنخواہ سے 1.5 گنا کے طور پر شمار کیا جاتا ہے. مثال کے طور پر، اگر آپ عام طور پر $ 20 ایک گھنٹہ میں کماتے ہیں تو آپ کو ہر گھنٹے کے لئے 44 گھنٹے کے بعد کام کے $ 30 ملنے چاہیں-

## عوامی تعطیلات اور عوامی چھٹیوں میں تنخواہ

اونٹاریو میں عوامی تعطیلات یہ ہیں؛

نیو ایئرز ڈے ، فیملی ڈے ، گڈ فرائیڈے ، ویکٹوریا ڈے ، کینیڈا ڈے ، لیبر ڈے ، تھینکس گیونگ ، کرسمس ڈے اور بوکسنگ ڈے

زیادہ طر کارکن عوامی چھٹی کی تنخوا کے ساتھ ان دنوں پر چھٹی کر سکتے ہیں ، یا کارکن تحریری حامی بھر سکتے ہیں کے وہ چھٹی کے دن پر تنخوا کے ساتھ کام کریں گے ۔

## گھریلو یا جنسی تشدد بائث چھٹی

**گھریلو یا جنسی تشدد کی چھٹی کارکنوں کو ملازمت کی حفاظت کے ساتھ چھٹی فراہم کرتی ہے جب وہ یا ان کے بچے گھریلو یا جنسی تشدد کا سامنا کرتے ہیں۔**

آپ نے اِس چھٹی کے اہل ہونے کے لیے کم اِس کم 13 ہفتے بلا ناغہ اپنے مالک کے ساتھ کام کیا ہونا چاہیے۔

کارکنوں کو 10 انفرادی دن کی چھٹیوں کا وقت ملتا ہے اور 15 ہفتے تک کی چھٹی اگر کارکن یا ان کا بچہ گھریلو یا جنسی تشدد یا گھریلو یا جنسی تشدد کے خطرہ سے گزرتا ہے۔

ہر کیلنڈر کے سال میں پہلی 5 چھٹیاں تنخواہ کے ساتھ ہوں گی۔ باقی بغیر تنخواہ کے ہوں گی۔

آپ کو چھٹی ملنے کے لیے اپنے مالک کو مناسب ثبوت دینا پڑے گا۔

## کام کی جگہ کی حفاظت

تقریبا اونٹاریو میں ہر کوئی کام کرنے *والا اونٹاریو اوکیوپیشنال ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایکٹ (OHSA)* میں آتا ہے۔

اگر آپ خطرناك کیمیائی یا دوسرے پرخطر مادے سے کام کرتے ہیں تو یہ قانون آپ کو ٹریننگ فراھم کرے گا کہ کس حفاظتی طریقے سے مادہ استعمال کرنا ہے اور اِس کے انکشاف سے کونسے صحت پہ نقصانات ہیں
-

**آپ کے مالک کا آپ کے حقوق کے بارے میں درایافت کرنے پر نوکری سے نکال دینا غیر قانونی ہے۔**

**آپ کا مالک آپ کو نوکری سے نہیں نکال سکتا کیونکہ آپ کو چوٹ لگی ہے یا سنگین طبی حالت ہے؛ اگر آپ کی کمپنی آپ کے لیے انتظام کرنے کی کوشش کیے بغیر نوکری سے نکالتی ہے تو آپ ہیومن رائٹ کو درخواست دائر کر سکتے ہیں ۔**

# رہائش

## کرائے پر جگہ

ایک ریفوجی نوجواں ہونے کے ناتے آپ کواونٹاریو میں جگہ کرائے پر لینے کے لئے برابری کی رسائی، سستی ہاؤسنگ اور امتیازی سلوک سے آزادی کا حق ہے۔ *اونٹاریو ہیومن رائٹس کوڈ* آپ کی رہائش تک رسائی اور برقرار رکھنےکے حق میں پیش آنے والے امتیازی سلوک کی ممنوع بنیادوں کی فہرست دیتا ہے( 'اپنے حقوق جانئے' کے باب کو رجوع کریں)۔

اگر کوئی مکاندار آپ کی نسل ، مذہب ، جنس ،جنسی واقفیت، خاندان کی حیثیت، شہریت، قومیت، معذوری، عمر یا سماجی مدد کی وصولی کی وجہ سے آپ کو جگہ کرائے پر دینے سے انکار کر دے تو آپ *اونٹاریو ہیومن رائٹس ٹربیونل* پر مکاندار کے خلاف شکایت درج کر سکتے ہیں ۔

### اپنے حقوق کو جانیں جگہ کرایے پر لیتے ہوئے:

گھر فراہم کرنے والے آپ سے کیا مانگ **سکتے** ہیں ؟

1- کریڈٹ ریفرنسز۔اس میں آپ کے کریڈٹ کی جانچ پڑتال کرنے کی اجازت کے لئے بھی پوچھ سکتے ہیں ۔

2- پہلے کرایوں کی جگاوں کے بارے میں معلومات ۔

3- آپکی آمدنی کی معلومات، جب وہ آپ کی کریڈٹ ریفرینس اور کرائے کی تاریخ لیتے ہیں ۔

4- ایک مہینے کا کرایا امانت میں رکھوانا ڈپوذٹ کے طور پر. یہ آپ کے کرایہ داری کے آخری مہینے کے لئے کرایہ ادا کرنے کے لئے استعمال کیا جانا چاہئے. باقی کوئی ڈپوذٹ کی اجازت نہیں - بشمول حفاظتی ڈپوذٹ نقصانات کے لیے وغیرہ ۔

5- کسی دوسرے شخص (والدین، دوست، وغیرہ) سے ایک معاہدہ کہ وہ اس بات کی ضمانت دے کہ آپ کرایہ ادا کروگے۔ اس شخص کو ایک گیرنٹر کہا جاتا ہے اور اگر آپ کرایہ ادا نہیں کرتے تو اس کو ادا کرنا ہوگا۔

ان سبھی ضروریات کو اس طرح سے استعمال کرنا ہے کہ کسی ممنوع بنیادوں پر تفریق کا باعث نہ بنیں۔ غیرقانونی درخواستیں اکثر عمر، جنس، شہریت اور عوامی مدد کی رسید پر مبنی ہوتی ہیں۔ مالک مکان معلومات کی درخواست کرتے ہوئے یہ نہیں سوچ سکتا کہ آپ کی تاریخ نا ہوتے ہوئے وہ آپ کو مسترد کر دے گا. یہ غیر قانونی امتیاز ہو سکتا ہے۔

رہائش فراہم کرنے والے آپ سے مندرجہ ذیل چیزیں **نہیں** پوچھ سکتے ہیں؛

1- آپکا SIN نمبر (مالک مکاں کو صرف کریڈٹ چیک کے لئے آپ کا نام، ایڈریس، اور پیدائش کی ضرورت ہوتی ہے)

2- آپ کی آمدنی کا ذرایع ، جب تک نا وہ آپ سے کریڈٹ اور کرائے کی تاریخ مانگے ۔

3- کوئی بھی ڈپوذٹ اگلے مہینے کے رینٹ کے علاوہ۔

4. معلومات، آپ کی عمر، نسلی پس منظر، شہریت یا شادی کی حیثیت کے بارے میں.

5. اگر آپ کے بچے ہیں یا کتنے ہیں

6. سماجی مدد یا کسی دوسرے ذریعہ سے براہ راست ادائیگی کے براہ راست ادائیگی یا قبل تاریخ چیک

7. مجرمانہ حوالہ جانچ۔ البتہ ان کو پوچھنے کی اچھی وجہ ہے۔

کرایہ دار کو معاہدے کے لیے نئے *اسٹینڈرڈ فارم لیس* کا استعمال کرنا چاہئے۔ غیر قانونی جزو لیس میں بے اثر ہوتے ہیں۔

## کم سے کم عمر درکار جگہ کرائے پر لینے کے لیے

اونٹاریو میں، 16 اور 17 سالہ افراد کرائے کے اہل ہیں اگر ان کے والدین اختیار چھوڑ چکے ہیں۔

16 سال عمر یا اِس سے بڑی عمر پرعام طور پر آپ یہ فیصلہ کر سکتے ہں کے آپ کو کہاں رہنا ہے اور قانونی دست پرستی کی ضرورت نہیں ہوتی . اگر آپ 16 سال کی عمر سے کم ہیں، (یا اگر آپ اور آپ کے والدین دوسرے صوبے میں رہتے ہیں جہاں گھر چھوڑنے کی عمر 18 سال ہے) تو اگر آپ ایسی جگہ پر رہتے ہیں جو محفوظ نہیں ہے تو آپ کے والدین آپ کو گھر واپس آنے کے لئے پولیس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ایسی جگہ جہاں آپ جسمانی، جذباتی یا جنسی بدسلوکی کے خطرے میں ہیں۔

## ایک ریفوجی نوجواں ہونے کے ناتے آپ کو اونٹاریو میں جگہ کرائے پر لینے کے لئے برابری کی رسائی، سستی ہاؤسنگ اور امتیازی سلوک سے آزادی کا حق ہے۔

### کرایہ داری اور بےدخلی

اونٹاریو میں کرایہ دار قوانین اور بےدخلی پر قابو پانے والے قانون *ریذیڈینشل تینینسی ایکٹ* کہلاتا ہے۔ اس ایکٹ کے تحت، رینٹل یونٹ ایک اپارٹمنٹ، ایک گھر یا آکاس کا گھر یا بورڈنگ گھر میں ایک کمرہ ہوسکتا ہے۔ یہ ایکٹ کیئر ( خیال رکھنی والے ) ہومز ، ریٹائرمنٹ گھر ، یا موبائل( چلتا ) گھر پارک یا زمین کی لیس کمیونٹی کی جگائوں میں بھی لاگو ہوتا ہے.

اس قانون کے تحت کچھ قوانین غیرمنافع بخش اور عوامی رہائش ،کچھ یونیورسٹی اور کالج رہائش گاہ اور اگر آپ مالک مکان کے ساتھ باورچی خانے یا باتھ روم کا اشتراک کرتے ہیں تو ان پر **لاگو نہیں** ہوتے -

جب تک آپ گھر کو چھوڑنے کا اتفاق نہیں کرتے ، آپ کا مکان دار آپ کی کرایہ داری ختم نہیں کر سکتا، *بغیر لینڈ لارڑ اور کرایہ دار بورڈ* کے حکم کے بغیر۔ مکاندار کو لارڑ اور کرایہ دار بورڈ سے بےدخلی آرڑر کی منضوری لینی ہو گی۔ آپ کو آپ کی سماعت کی تاریخ سے مطلع کیا جائے

گا تاکہ آپ بورڈ کو جائیں اور اپنا پہلو بیان کریں۔بےدخلی کی صرف یہ وجوہات ہیں؛

۔ کرایہ کی غیر ادائیگی: بےدخلی کا سب سے عام سبب کرائے داروں کا مکمل کرایا نا ادا کرنا ہے( بقایا رقم )۔

۔ جب کرایہ واجب ہو، مالک مکاں کرایہ دار بورڈ ( لینڈلورڑ اینڈ ٹیننٹ بورڑ) کو ادائگی کے آرڑر کی درخواست کر سکتا ہے۔ لیکن کرایدار کو نکالنے سے پہلے کرائے دار کو موقع دینا ہو گا کے وہ مذید رہنے کے لیے پیسے بھرے۔

۔ کرایہ دینے میں مستقل تاخیر: ایک مالک مکاں کرایہ دار کو بےدخل کرنے کے لئے درخواست دے سکتا ہے اگر کرایہ 'مسلسل' تاریخ کے مطابق مکمل طور پر غیر ادا شدہ ہے۔

۔ دوسرے کرایہ داروں یا مالک مکان کو پریشان کرنا : مثال کے طور پر، رات کو دیر سے شور ہنگامے سے بھرپور داوتیں۔

۔ کرایہ دار جائیداد کو 'غیر معمولی' نقصان پہنچائے۔ ایسا نقصان جو معمول کی ٹوٹ پھوٹ سے زیادہ ہو اور جان بوجھ یا لاپرواى سے ہوا ہو ۔

۔ اگر کچھ غیر قانونی کام کیا جائے جائیداد یا یونٹ میں، مثال کے طور پر، منشیات کا لین دین۔

۔ دیگر لوگوں کی حفاظت کو سنگین خطرے میں ڈالنا۔ مثال کے طور پر، آگ کی خطرناک صورت حال پیدا کر کے۔

۔ بہت سے لوگوں کو رینٹل یونٹ میں رہنے کی اجازت دے کر ( حد سے زیادہ ہجوم)

۔ اگر مالک مکان اپنے کرائے کی جگہ پر رہنا چاہتا ہے ( یا اپنے گھر کے افراد یا دیکھ بحال کرنے والے کو یونٹ میں رہانا چاہتا ہے )، یا اس شخص

کو بیچنا چاہتا ہےجو اِس میں رہے گا ، یا کسی اور مقصد سے استعمال کرنا چاہے یا اہم مرمت کروانا چاہے، تو وہ اپنے کرائے دار کو کرایا داری ختم کرنے کے لیے نوٹس دے سکتا ہے۔

بہت سے ایسے اصول ہیں جو " کوئی غلطی نہیں " والی بے دخلی میں مالک مکان کو پورے کرنے پڑیں گے۔کچھ صورتوں میں ، ہو سکتا ہے کے مالک مکان کو کرائے دار کو جگہ چھوڑنے کی ادائیگی کرنی پڑے یا کرائے دار کو دوبارہ جائداد پر واپس آنے کا حق مل جائے۔

لینڈ لارڑ اینڈ ٹینٹ بورڈ بے داخلی کی کسی بھی درخواست کو رد کر سکتا ہے۔ یہ اس صورت میں ہوتا ہے جب مالک مکان اپنے دی ہوئی وجہ کو ثابت نا کر سکے یا اگر انہوں نے فارم غلط بھرا ہو یا اگر بے دخلی سے کرائے دار کو بہت سخت مشکلات کا سامنا ہو۔

۔اگر آپ کو کوئی نوٹس ملے اپنے مالک مکان یا لینڈ لارڑ اینڈ ٹینٹ بورڈ کی طرف سے جو آپ کے متلعق ہو تو آپ اپنے دستاویز لے کر فورن مقامی کمیونٹی قانونی کلینک کو مدد کے لیے لے جائیں .آپ اپنی کلینک کوwww.legalaid.on.ca پر ڈھونڈ سکتے ہیں ۔

# صحت

## عبوری وفاقی صحت پروگرام – ریفیوجیز

عبوری وفاقی صحت پروگرام یا انٹیرم فیڑرل ہیلتھ پروگرام (IFHP) - ریفیوجیز کو صحت کی دیکھ بھال کے فوائد کی محدود، عارضی کوریج فراہم کرتا ہے۔ یہ ان مندرجہ زیل لوگوں کے لیے ہے جو صوبائی اور علاقائی صحت انشورنس میں نہیں آتے ؛

- کینیڈا میں محفوظ افراد

- دوبارہ آباد پناہ گزین (ریفیوجیز)

- ریفیوجی دعویدار

- حراست میں دوران افراد کو امیگریشن اینڈ ریفیوجی حفاظتی ایکٹ کے تحت حراست میں رکھا گیا ہے۔

- انسانی اسمگلنگ کے متاثرین

IFHP کوریج میں شامل، 'بنیادی کوریج 'صحت کی دیکھ بھال کی کوریج کی طرح ہے جو صوبائی یا علاقائی صحت انشورینس کی منصوبہ بندی میں ہوتی ہے۔

- اندرونی اور آؤٹ پٹیننٹ ہسپتال کی خدمات

- کینیڈا میں لائسنس یافتہ طبی ڈاکٹروں، رجسٹرڈ نرسوں اور دیگر صحت سے متعلق پیشہ ور افراد کی خدمات، بشمول بچے کی پیدائش سے پہلے اور پیدائش کے بعد کا خیال

- لیبارٹری، تشخیصی اور ایمبولینس کی خدمات

## اضافی کوریج

- محدود نظر اور دانتوں کی دیکھ بھال
- گھر میں دیکھ بھال اور طویل مدت کے لیے دیکھ بھال
- طبی صحت کی دیکھ بھال کے ماہرین کی خدمات، مثال کے طور پر ، کلینک نفسیاتی ماہرین، نفسیاتی ماہرین، مشاورت تھراپسٹ، پیشہ ورانہ تھراپسٹ، تقریر زبان تھراپسٹ، فزیوتھراپیسٹ
- آرتھوپیڈک اور مصنوعی سامان
- نقل و حرکت کے آلات
- سننے کے آلات
- ذیابیطس کی اشیاء
- ضعف ضبط کا سامان
- آکسیجن کا سامان

## نسخہ منشیات کی کوریج

نسخے والی ادویات اور دیگر مصنوعات جو صوبائی / علاقائی عوامی منشیات کی منصوبہ بندی کے فارمولیز پر درج ہیں۔

IFHP کی طرف سے احاطہ کردہ فوائد میں زیادہ سے زیادہ ڈالر کی رقم بھی شامل ہے۔ آپ کو ان خدمات کو حاصل کرنے میں ایک وکیل یا آپ کی کمیونٹی کی تصفیہ ایجنسی سے مزید مشورہ لینے کی ضرورت ہے۔

# ذرائع

**Advocacy Centre for**
**Tenants Ontario**
55 University Avenue Suite 1500,
Toronto M5J 2H7
416-597-5855
Toll-free: 1-866-245-4182

**ARCH Disability Law Centre**
55 University Ave Suite 1500,
Toronto M5J 2H7
416-482-8255
Toll-free: 1-866-482-2724

**Justice for Children and Youth**
55 University Ave Suite 1500,
Toronto M5J 2H7
416-920-1633

**Chinese & Southeast**
**Asian Legal Clinic**
180 Dundas Street West Suite 1701,
Toronto M5G 1Z8
416-971-9674
Toll-free: 1-844-971-9674

**South Asian Legal Clinic of Ontario**
45 Sheppard Ave East Suite 106A, Toronto M2N5W9
416-487-6371

**Toronto Workers Health**
**and Safety Legal Clinic**
180 Dundas Street West Suite 2000, PO Box 4, Toronto M5G 1Z8
416-971-8832

**Toronto Police Services–**
**Sex Crimes**
40 College St., Toronto, ON , M5G 2J3
416-808-7474
General Inquiries: Call 311

**Legal Services (قانونی خدمات )**

**Toronto–Refugee Law Office**
20 Dundas St West Suite 202,
Toronto M5G 2H1
416-977-8111
http://www.legalaid.on.ca/en/contact/contact.asp?type=refugee

** Services are available in French at this location*

**Legal Aid Ontario**
*Telephone*
Toronto: 416-979-1446
Toll free: 1-800-668-8258
*TTY (Telephone device for the hearing impaired)*
Toronto: 416-598-8867
Toll free: 1-866-641-8867
Fax: (416) 979-8669
www.legalaid.on.ca
Email: info@lao.on.ca
** A legal information resource from legal aid Ontario: http://lawfacts. ca/refugee*

**Pro Bono Ontario**
Ontarians who have essential legal needs but can't afford a lawyer
https://www.probonoontario.org/

**Human Rights Tribunal**
613-995-1707

**HALCO – HIV & AIDS**
**Legal Clinic Ontario**
416-340-7790

## School Information (اسکول کی معلومات)

**Toronto District School Board**
416-397-3000
http://www.tdsb.on.ca/Contact-Us

**Waterloo Region**
**District School Board**
Welcome Centre for Newcomers:
Margaret Avenue Public School
325 Louisa Street
Kitchener ON N2H 5N1
519-576-3018
Web: Welcome Centre for Newcomers

**Toronto Catholic**
**District School Board**
416-222-8282

## Employment (روزگار )

**ACCES Employment**
*Toronto Location*
489 College Street, Suite 100
Toronto, ON, M6G 1A5 416-921-1800

*Scarborough Location*
2100 Ellesmere Road, Suite 250
Scarborough, ON, M1H 3B7 416-431-5326
*North York Location*
2001 Sheppard Avenue East, Suite 201, North York, ON, M2J 4Z8
416-443-9008

**Settlement Services( آبادکاری خدمات)**

**Arab Community Centre of Toronto**
555 Burnhamthorpe Road, Suite 209
Etobicoke, Ontario M9C 2Y3
416-231-7746 ext. 236
Fax: (416) 231-4770
E-mail: info@acctonline.ca

**COSTI Immigrant Services**
416-244-0480 ext. 246

**WoodGreen Community Services**
416-645-6000 ext. 2100

**Roofs for refugees**
https://www.roofs4refugees.ca/
E-mail: hello@roofs4refugees.ca

**FCJ REFUGEE CENTRE**
208 Oakwood Ave, Toronto ON M6E 2V4
416-469-9754

**Canada Newcomers and Immigration Association**
3660 Midland Avenue, Suite 300
Toronto, Ontario
647-345-3957

**Settlement Assistance and Family Support Services**
1200 Markham Rd., Suite #214
Toronto, ON M1H 3C3
416-431-4847
Fax: (416) 431-7283
Email: reception@safss.org

